ادبیات

غزل

جناب الم مظفر نگری

حجابِ نور و ظلمت میں رہے پرتو فگن ہم بھی
کبھی تھے شامِ غربت اور کبھی صبحِ وطن ہم بھی

نہ رکھیں کیوں غمِ ہستی سے ربطِ حسنِ ظن ہم بھی
ازل سے ہیں رہینِ گردشِ چرخِ کہن ہم بھی

کہے جاتے تھے اک دن زینتِ بزمِ وطن ہم بھی
چمن میں تھے شریکِ نغمہ سنجانِ چمن ہم بھی

قفس کی شام سے کرتا ہے جو صبحِ چمن پیدا
اسیری میں لئے بیٹھے ہیں وہ دیوانہ پن ہم بھی

سرِ منزل پہنچ کر یہ حقیقت کھل گئی آخر
رہے خود زندگی کی رہ میں اپنے راہزن ہم بھی

برنگِ بوئے گل موجِ نفس اڑتی ہے ہر لحظہ
چمن میں کر رہے ہیں مشقِ پروازِ چمن ہم بھی

نمودِ ماسوا کو کہہ رہا ہے پردۂ جلوہ
حرم والو سمجھتے ہیں مذاقِ برہمن ہم بھی

ہمیں شوخئ ہر جلوہ سے کیوں ہوتی نہ آگاہی
میانِ انجمن تھے نکتہ دانِ انجمن ہم بھی

ہر اک ذرہ انا الحق کہہ اٹھا خاکسترِ دل کا
جگا بیٹھے پھر اک ہنگامۂ دار و رسن ہم بھی

کریں تجزیہ خاکِ شمع و پروانہ کا محفل میں
ذرا دیکھیں تو اسبابِ شکستِ انجمن ہم بھی

نئے آئینوں میں عکسِ قدامت دیکھ لیتے ہیں
بالآخر ہیں تو دانائے روایاتِ کہن ہم بھی

حضورِ شمعِ محفل کیوں نہ جلتے کیوں نہ مٹ جاتے
پتنگے کی طرح تھے سرفروشِ انجمن ہم بھی

خدا رکھے امانت دار ہے خونِ شہیداں کی
سمجھتے ہیں مقامِ عظمتِ خاکِ چمن ہم بھی

الم ماتم کرے گا کون بربادئ گلشن کا
اگر ہو جائیں نذرِ انقلاباتِ چمن ہم بھی